عصر حاضر کے تقاضوں کے مد نظر جدید اسلوب میں اسلامی، اصلاحی، سیاسی، سماجی، اقتصادی،
تحقیقی و تنقیدی مواد پر مشتمل چہار لسانی ایک بیش بہا معلوماتی خزانہ

اِشارِیہ

کتب، رسائل، مضامین و مقالات

از قلم:

ادیبِ چہار زبان، ماہرِ عصریات، محققِ اسلامیات، نقّادِ استشراقیات و استغرابیات، شاعرِ اسلام، لسانِ مشرق

فاضلِ نوجوان جناب

فردین احمد خاں فرؔدین رضوی

غفر لہ ولمن جاورہ

النجم اسلامک میڈیا

اہل سنت کی نقیب و پاسباں

عصر حاضر کے تقاضوں کے مدنظر جدید اسلوب میں اسلامی، اصلاحی، سیاسی، سماجی، اقتصادی، تحقیقی وتنقیدی مواد پر مشتمل چہار لسانی ایک بیش بہا معلوماتی خزانہ

از قلم:

ادیب چہارِ زبان، ماہرِ عصریات، محققِ اسلامیات، نقّادِ استشراقیات و استغرابیات، شاعرِ اسلام، لسانِ مشرق

فاضلِ نوجوان جناب

فردین احمد خاں فرؔدین رضوی

غفرلہ ولمن جاورہ

النجم اسلامک میڈیا

اہل سنت کی نقیب وپاسباں

مشمولات

اُس خدا کے نام سے کرتا ہوں آغازِ سخن
جس کی پاکی بولتے ہیں دشت و صحرا و چمن

اے مرے خامے کہ میں کہتا ہوں بسم اللہ چل !
اے دلِ مردار اٹھ اب قم باذن اللہ چل !

فؔردین

الكلمات الحسناء

عن: العارف ابن العارف، من كبار العلماء العراقيين، الفاضل الكامل الفقيه العلامة فضيلة الشيخ

الدكتور **مصطفى فاضل الحسينى** السامرائى العراقى حفظه اللہ تعالی

[المتخصص فى الفقه الاسلامى، استاد فى الجامعات العراق]

بسم اللہ الرحمن الرحيم

حياك الله الحبيب في الله- أسل الله العظيم رب العرش العظيم ان يحفظك و يرقيك و ينورك و ان يفتح عليك فتوح العارفين و ان ينفع بك أين ما حللت-أسل الله العظيم رب العرش العظيم ان يشفيك و يشفي بدنك من كل داء و بلاء- أسل الله أن يحفظك و أهل بيتك- يا رب يا رب يحبنا فيك و نحبه فيك فلأجل هذا الحب فيك يا الله افذ على قلبه من الأنوار و الأنظار ببركة حبيبك صلى الله عليه و سلم- يا رب يا رب اللهم انت الله لا إله إلا أنت يا الله بك آمنا و عليك توكلنا و إليك يا رب أمورنا فوضنا إلتجأنا إليك لا ملجأ و لا منجأ الا إليك إحتبينا بحماك لذنا بجنابك يا الله- اللهم احفظ عبادك المسلمين- اللهم احفظ عبادك المسلمين- اللهم احفظ عبادك المسلمين بعين عنايتك يا الله و صرف عنهم كل وباء و داء بحق حبيبك محمد صلى الله تعالى عليه و سلم- يا حي و يا قيوم يا حي و يا قيوم يا حي و يا قيوم يا ذا العرش المجيد- حسبنا الله و نعم الوكيل نعم المولى و نعم النصير- بسم الله الذي لا يضر مع اسمه شيء في الأرض و لا في السماء و هو السميع العليم- بسم الله على ابداننا حتى تشفى، بسم الله على ابداننا حتى تشفى، بسم الله على ابصارنا، بسم الله على قلوبنا بسم الله على أهلنا، بسم الله على ازواجنا، بسم الله على ذرياتنا، بسم الله على بيوتنا، بسم الله على أهلنا، بسم الله على من جاورنا، بسم الله الذي لا يضر مع اسمه شيء في الأرض و لا في السماء و هو السميع العليم- اللهم صلى على سيدنا محمد طب القلوب و دواءها و عافية الأبدان و شفاءها و نور الأبصار و ضياءها و آله و صحبه و سلم- حفظك الله حبيب القلب و حفظ أهل بيتك و حفظ المسلمين و حفظ من جاوركم و صرف عنكم كل داء و وباء بحق الحبيب محمد صلى الله عليه و سلم - ما شاء الله! ما شاء الله! رسائل و كتب بقلمكم، بارك الله في قلمك و في رسالك و في قلبك نفع الله بك الأمة و هذا هو علم النافع الذي يبقى أثره في دار الدنيا و في دار البرزخ و الآخرة، وفقكم الله تعالى أيها الحبيب و نفع بك أينما حللت-

تاثرات جلیلہ

از: عالمی مبلغ اسلام، مفکر اسلام،

حضرت **علامہ قمرالزماں خاں اعظمی رضوی** حفظہ اللہ تعالیٰ

جنرل سیکریٹری ورلڈ اسلامک مشن (یو کے)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حامدا و مسلیا و مسلما

عزیز گرامی قدر جناب مولانا فردین احمد خاں رضوی کے چند مضامین ، قطعات اور تفصیلی اشاریے نظر نواز ہوے، جن کو پڑھنے کے بعد انتہائی خوش گوار حیرت سے دوچار ہوا، جناب فردین احمد خاں رضوی نے اپنے زمانہ طالب علمی ہی میں عصر حاضر کے تقاضوں کے مطابق کتب، رسائل اور مضامین تحریر فرمانا شروع کر دیے ہیں جن سے امید کی جاتی ہے کہ ان شاء المولیٰ تعالی مستقبل قریب میں وہ ایک انتہائی قابل قدر مصنف کی حیثیت سے ابھریں گے بطور مثال مسلک حق کی حمایت میں علم غیب، میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے موضوعات پر جدید اسلوب میں مضامین تحریر فرماتے ہیں، اس کے علاوہ موجودہ دور کے چند نام نہاد مفکرین کی فریب کاریوں کا پردہ چاک کرنے کے علاوہ ماضی میں سر سید احمد خاں اور ان کے معاصرین کے نظریات کی تردید کی ہے نیز عصر جدید کے تقاضوں کے مطابق انتہائی فکر انگیز مقالات تحریر کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں،

مثلا، دل و نگاہ مسلماں نہیں تو کچھ بھی نہیں، لادینیت ایک عظیم فتنہ ، آزادی نسواں ایک تنقیدی جائزہ ، فلاح قوم کے ساماں، شاید کہ اتر جائے ترے دل میں مری بات، اسلامی ثقافت کے خلاف عالمی محاذ،اس طرح کے درجنوں مضامین ہیں جن پر وہ کام کررہے ہیں۔ان کے قطعات پڑھنے کے بعد یہ احساس ہوتا ہے کہ ان کے افق ذہن پر ایک نیا اقبال ابھر رہا ہے۔ خدائے علیم وخبیر انہیں مزید فکری مضامین اور اشعار پیش کرنے کی توفیق عطافرمائے۔

آمین بجاہ سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم

خاکسار و خاک نشین

محمد قمر الزماں خاں اعظمی رضوی

سیکریٹری جنرل ورلڈ اسلامک مشن

انگلینڈ، ۲۰۲۱/۶/۲۴ء

اظہارِ خیال

از: **پروفیسر ڈاکٹر مجید اللہ قادری**

سابق ڈین آف سائنس کراچی یونیورسٹی

صدر: ادارہ تحقیقات امام احمد رضا کراچی

عزیزی فردین احمد خاں فردین رضوی ایک نوجوان ریسرچ اسکالر ہیں۔ آپ نے کھنڈیلوال کالج رہیل کھنڈ یونیورسٹی سے تعلیم حاصل کی۔ ان دنوں پیلی بھیت شریف ہی میں مقیم ہیں اور شیر بیشہ اہل سنت حضرت علامہ حشمت علی قادری رضوی علیہ الرحمۃ کے فیض کو دنیا کے نوجوان طبقے میں اجاگر کرنے کی کوشش میں مصروف عمل ہیں اور اپنے قلم کی جولانیوں سے اپنے نوجوانوں کو معاشرہ کی برائیوں سے بچانے کے ساتھ ساتھ دین اسلام اور مذہب حقہ اہل سنت و جماعت کے عقائد سے بھی برابر آگاہی دے رہے ہیں اور حضرت امام احمد رضا محدث بریلوی کی تعلیمات سے مشرف ہو کر دوسروں تک اس پیغام کو پہنچانے میں اپنے قلم کو انٹرنیٹ کے ذریعہ ہر ایک شخص تک پیغام پہنچا رہے ہیں جو انٹرنیٹ کے ذریعہ ان سے جڑا ہوا ہے۔ اب تک وہ /۱۱۰/ سے زیادہ مقالات قلم بند کر چکے ہیں۔ انہوں نے اپنے تمام مقالات کو یکجا کر کے ان کو ویب سائٹ پر ڈال دیا ہے اور اس کا موقع بنا دیا ہے اب یہ پیاسے پر منحصر ہے کہ اس کو کس جام سے سرشار ہونا ہے۔ اکثر مقالات اردو زبان میں ہیں، چند مقالات عربی اور انگریزی میں بھی لکھے ہیں۔ راقم دعا گو ہے اللہ تبارک و تعالیٰ عزیزی فردین احمد خاں رضوی زید مجدہ کو استقامت کے ساتھ دین محمدی کی خدمت کرنا نصیب کرے آمین۔

سخنِ دل پذیر

از: حضرت علامہ **مولانا محمد ارشد مصباحی** صاحب قبلہ
صدر: اعلی حضرت فاؤنڈیشن انٹر نیشنل (یو کے)

اس دور میں تعلیم ہے امراض ملت کی دوا

اللہ تعالی قرآن مجید میں ارشاد فرماتا ہے

نٓ وَٱلْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُونَ (القلم 68:1)

قلم اوران کے لکھنے کی قسم۔اس آیت کریمہ میں اللہ تعالی نے قلم کی قسم ذکر فرمائی۔

اسی طرح رب العلمین یہ بھی فرماتا ہے:

ٱقْرَأْ بِٱسْمِ رَبِّكَ ٱلَّذِى خَلَقَ ○ خَلَقَ ٱلْإِنسَٰنَ مِنْ عَلَقٍ ○ ٱقْرَأْ وَرَبُّكَ ٱلْأَكْرَمُ ○ ٱلَّذِى عَلَّمَ بِٱلْقَلَمِ ○ عَلَّمَ ٱلْإِنسَٰنَ مَا لَمْ يَعْلَمْ ○

پڑھو اپنے رب کے نام سے جس نے پیدا کیا؛ آدمی کو خون کی پھٹک سے بنایا؛ پڑھو اور تمہارارب ہی سب سے بڑا کریم؛ جس نے قلم سے لکھنا سکھایا؛ آدمی کو سکھایا جو نہ جانتا تھا۔(العلق:96:5-1)

ان دونوں مقامات سے قلم کی اہمیت اور کتابت کی فضیلت ثابت ہوتی ہے۔ کتابت کے بے شمار فوائد ہیں۔اسی سے علوم ضبط میں آتے ہیں اور علم پھیلتا ہے۔ معلم کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کا

ارشاد گرامی ہے " قیِّدُوا العلمَ بالکتابِ"(الجامع الصغیر ٦١٤٩) یعنی علم کو کتابت کے ذریعہ سے مقید کرلو۔ انگلش میں کہتے ہیں:

The Pen is mightier than the sword.

اقبؔال نے درست فرمایا کہ

قوت افرنگ از علم وفن است
از ہمیں آتش چراغش روشن است

ماضی قریب کی ایک تحقیق کی رپورٹ تھی کہ ایک مسلمان سال میں اوسطاً ایک کتاب جبکہ یہودی اس عرصہ میں پینتالیس (45) کتابیں پڑھتا ہے۔ کسی نے سچ کہا ہے کہ،

Readers are Leaders.

ہمارے بڑے ہی قابل اور محترم دوست جناب فردین احمد خاں فرؔدین رضوی صاحب قلم کی طاقت سے باخوبی آگاہ ہیں۔ اللہ تعالی نے انہیں گوں ناگوں صلاحیتوں اور متعدد خوبیوں سے خوب نوازا ہے۔ وہ ماشاءاللہ بہت اچھا لکھتے ہیں اور بہترین ادیب ہیں۔ ان کا یہ بھی ایک ذوق ہے کہ حالات حاضرہ کے مختلف عناوین مثلاً دینی مسائل، اصلاحی، سیاسی، سماجی، اخلاقی موضوعات پر لکھتے رہتے ہیں۔ فردین صاحب اچھے شاعر بھی ہیں اور اقبال سے بہت متاثر نظر آتے ہیں۔ ان کے کلام میں شاعر مشرق کا رنگ، اٹھان، فکر اور انداز جابجا محسوس کیا جاسکتا ہے۔ اللہ تعالی نے انہیں عشقِ رضؔا کے جام بھی خوب عطا کیے ہیں اور وہ اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کے بڑے شیدائی ہیں۔

خوشی کی بات ہے کہ اب وہ اپنے قلمی اور تحریری کام کو مزید پھیلانے اور افادۂ عامہ کے لیے اسے آن لائن لا رہے ہیں۔ گزشتہ تین سالوں کی محنت وکاوش اور وہ بھی چار زبانوں یعنی اردو، عربی، انگلش اور ہندی میں منظر عام پر آرہی ہے۔

آج یہ اشد ضرورت ہے کہ جدید دور کے تقاضوں کو پورا کرتے ہوئے ہم اپنے کام کو آگے بڑھائیں۔ یقینا یہ

وَأَعِدُّوا لَهُم مَّا ٱسْتَطَعْتُم مِّن قُوَّةٍ

کی قبیل سے ہے **اوران کے لیے تیار رکھو جو قوت تمہیں بن پڑے۔**

میڈیا، لاریب اس دور کی بہت بڑی قوت ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ محترم فردین صاحب کی یہ تحاریر نہایت مفید اور کارگر ثابت ہوں گی۔

Martin Luther said: If you want to change the world, pick up your pen and write.

Virginia Woolf says: Every secret of a writer's soul every experience of his life, every quality of his mind is written large in his works.

اللہ کرے زور قلم اور زیادہ

محمد ارشد مصباحی: یوکے

(اعلحضرت فاؤنڈیشن انٹرنیشنل)

Critical Appreciation

Dr. Shahnawaz Ahmad Malik
Asst. Professor, Dept. of Law,
Aligarh Muslim University,
Malappuram Centre Kerala.

It is of immense pleasure for me to know the number of books and articles written by ***"Fardeen Ahmed Khan Razvi".*** This notable work done by him is really worth appreciating and is powerful enough to wake up the ***Ummah*** from the sleep that has caused its downfall.

The author has done hard work in collecting the scholarly extracts and inferences from the different authentic sources of the ***Ahlus Sunnah***. His research is of great quality.

Some of his work that has gained popularity include ***Pamphlet (Nida Ya RasoolAllah ﷺ)*** in which he has proven from evidences of ***Qur'an and Hadith*** that saying ***"Ya Rasool ALLAH"*** is ***allowed. "Ziyaarat e Quboor" and Pamphlet on Ilm-Ul-Ghaib (Knowledge of unseen) of Prophet MUHAMMAD (ﷺ)*** are also some of his best works.

In these works, he has proved that ***visiting Grave of "Auliya ALLAH"*** is not shirk and ***MUHAMMAD (ﷺ)*** has the ***knowledge of Ghaib (unseen)***. He has also included the references from The Holy Qur'an and various Hadiths. The author has also tried to prove his point using sound historical narratives. Other notable works of the author which are a must-read include: ***Tahir Ul Qadri Ka Radd (Rejecting the Philosophy of Tahir Ul Qadri), Aurato ki Islah (an article on the betterment of women), Ek Mazlooma ki Awaaz (the voice of an innocent/helpless lady), and Laadeeniyat se Hoshiyar (the author in this book has given an amazing reply to atheism and other deviant sects of Islam).***

The author is an expert scholar in the field of writing and is aware of the hearts of Muslims and knows the ways to enter into the heart of the community and address them through proper means and style to bring them back to the right path of ***Ahlus Sunnah.***

May ALLAH bless the author and accept all his work. Ameen.

تقدیم

از: محقق رضویات، یادگار اسلاف، محافظ ختم نبوت، خلیفہ مجاز بریلی شریف،

حضرت علامہ فضیلۃ الشیخ **سید صابر حسین شاہ البخاری** القادری حفظہ اللہ تعالی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ و نصلی و نسلم علی رسولہ النبی الامین صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ اجمعین

محبی مخلصی عزیزی مولانا فردین احمد خان ابن مسعود احمد خان ابن محبوب جان خاں، یوسف زئی سنی حنفی قادری برکاتی رضوی پیلی بھیتی ہندی زید مجدہ (پ: ۲۲/ذی القعدۃ ۱۴۱۹ھ/۱۱/مارچ ۱۹۹۹ء) کا تعلق سرزمین اولیاء و علماء پیلی بھیت شریف سے ہے۔ آپ کا خاندان پیلی بھیت شریف کے اولیاء وعلماء کی محبت وعقیدت سے سرشار تھا، بزرگانِ دین سے محبت آپ کو ورثے میں ملی ہے۔ وارث علوم اعلیٰ حضرت، جانشین مفتی اعظم، قاضی القضاۃ فی الھند، تاج الشریعہ حضرت علامہ مفتی محمد اختر رضا خان ازہری میاں قادری برکاتی رضوی نوری بریلوی رحمۃ اللہ علیہ سے آپ شرف بیعت رکھتے ہیں۔ ماشاءاللہ، آپ عالم فاضل، مدرس، محقق، مصنف، مقالہ نگار اور شاعر باکمال ہیں۔ عصری علوم میں بھی مہارت تامہ رکھتے ہیں۔ آپ کو بچپن ہی سے قلم وقرطاس سے گہری دلچسپی تھی، آپ نے زمانۂ طالب علمی میں ہی لکھنے کا آغاز فرمایا تھا۔ "رضویات" میں استاذ العلماء حضرت علامہ مفتی محمد حنیف خاں رضوی بریلوی صاحب دامت برکاتہم العالیہ آپ کے استاذ اور رہنما ہیں۔ ۲۰۱۸ء سے آپ نے باضابطہ لکھنا شروع کیا اور پھر لکھتے چلے گئے، مختلف موضوعات پر آپ کا راہوار قلم خوب چلا۔ آپ نے نظم ونثر میں خوب خامہ فرسائی فرمائی۔ پھر کسی ایک زبان کی قید نہیں ہے آپ نے بیک وقت عربی، اردو، انگریزی اور ہندی زبانوں میں قلم اٹھایا ہے اور جس موضوع پر بھی قلم اٹھایا ہے اس کا حق ادا کر دیا ہے۔

آپ کا قلم جذبۂ حب رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سرشار ہے اور ہمیشہ باطل افکار کے خلاف برسرپیکار ہے زبان ایسی کہ کوثر و تسنیم میں دھلی ہوئی محسوس ہوتی ہے۔

"اشاریہ سازی" کی روایت بہت پرانی ہے، اشاریہ سازی کی اہمیت وافادیت اظہر من الشمس ہے، اشاریہ کی مدد سے برسوں کا کام مہینوں اور مہینوں کا کام دنوں یا چند گھنٹوں میں پایۂ تکمیل تک پہنچتا ہوا نظر آتا ہے۔ مختلف جرائد ورسائل کے "اشاریئے" کتابی صورت میں شائع ہو کر سامنے آچکے ہیں۔ راقم کو بھی سال نامہ "معارف رضا" کراچی اور سہ ماہی "افکار رضا" ممبئ کے "اشاریئے" مرتب کرنے کی سعادت حاصل ہوئی ہے۔ فالحمد للہ علی ذالک۔۔۔۔

فاضل محقق مولانا فردین احمد خان فرؔدین رضوی زید مجدہ نے "اشاریہ سازی" کی اہمیت کے پیش نظر اپنے مضامین و مقالات اور کتب ورسائل کا اشاریہ بھی ترتیب دیا ہے۔ آپ نے دسمبر ۲۰۱۸ء سے جون ۲۰۲۱ء تک جو کچھ بھی صفحۂ قرطاس پر منتقل کیا ہے؛ آپ نے ان تمام تحاریر مضامین و مقالات اور کتب ورسائل کا ایک مختصر مگر جامع اشاریہ ترتیب دے کر قارئین کی ضیافت طبع کے لئے پیش فرما دیا ہے۔ آپ کی یہ نگارشات عربی، اردو، انگریزی اور ہندی زبانوں میں ہیں، عربی زبان میں پانچ مقالات و مضامین اور ایک کتاب، اردو میں بیالیس (۴۲) مضامین و مقالات، آٹھ کتب، انگریزی میں چالیس مضامین و مقالات، چودہ کتب، ہندی میں دو مضامین و مقالات اور شعر و سخن کے حوالے سے چار مجموعوں کی نشان دہی کی گئی ہے۔ مجموعی طور پر چار زبانوں میں ایک سو سولہ (۱۱۶) مقالات و مضامین اور کتب ورسائل کا اشاریہ ترتیب دیا گیا ہے۔ آپ نے مصنفین و محققین کی ضیافت طبع کے لئے اپنی تمام نگارشات کو سوشل میڈیا اور انٹرنیٹ پر بھی ڈال دیا ہے اور پیش نظر میں ان تمام کے لنک بھی دے دیئے ہیں تاکہ ذوقِ مطالعہ و تحقیق رکھنے والے حضرات کو کسی قسم کی دقت پیش نہ آئے اور وہ فوراً اپنے مطلوبہ مواد تک پہنچ سکیں۔ آپ نے اپنی نگارشات کا اشاریہ مرتب فرما کر ہم سب پر احسان کیا

ہے اور اپنی تمام نگارشات تک ہم سب کی رسائی کو آسان بنایا ہے۔ یقیناً یہ ارباب علم و قلم کے لئے ایک تحفۂ بے بہا سے کم نہیں ہے۔

آغاز میں آپ نے "حرفِ چند" کے عنوان سے اس اشاریہ کا پس منظر اور غرض وغایت بھی قاری کے سامنے رکھ دی ہے۔ اسے "انجم اسلامک میڈیا" کے زیر کتابی صورت میں شائع کر کے عام کیا جارہا ہے۔ کاش دیگر مصنفین و محققین بھی اسی انداز میں اپنی اپنی نگارشات کا اشاریہ ترتیب دے کر سامنے لائیں تاکہ علم وادب کی راہیں واہو سکیں۔۔ فقیر اس اشاریہ پر محبی مخلصی عزیزی مولانا فردین احمد خان فَردین رضوی کی خدمت میں ہدیہ تبریک اور مبارک باد پیش کرتا ہے۔ اللھم زد فزد۔۔ اللہ تعالیٰ اپنے محبوب حضرت احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے طفیل آپ کے علم و قلم میں مزید جولانیاں، روانیاں، فراوانیاں اور تابانیاں عطا فرمائے

آمین ثم آمین بجاہ سید المرسلین خاتم النبیین صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ و ازواجہ و ذریتہ و اولیاء امتہ و علما ملتہ اجمعین

دعا گو و دعا جو،

گدائے کوئے مدینہ شریف،

احقر **سید صابر حسین شاہ بخاری** قادری غفرلہ

"خلیفۂ مجاز بریلی شریف"

سرپرست اعلیٰ ماہ نامہ مجلہ الخاتم انٹرنیشنل،

سرپرست اعلیٰ "ہماری آواز" مدیر اعلیٰ الحقیقہ،

ادارہ فروغ افکار رضا و ختم نبوت اکیڈمی'

برھان شریف ضلع اٹک پنجاب

(15/ذوالقعدہ 1442ھ/26/جون 2021ء بروز ہفتہ بوقت 11:50 رات)

اعتراف

اللہ تبارک وتعالی کے فضل و انعام کا دریا لامتناہی اور میری زبان عاجز و قاصر، پھر کیوں کر اس کا شکر ادا کروں اور الفاظوں کے باغات سے کون سے ایسے پھول چنوں کہ اس کی شان کے لائق ہوں؟ بس یہی کہہ سکتا ہوں کہ میری یہ تمام کاوشیں توفیق ایزدی کا ہی ثمرہ ہیں۔ میں اپنی اس کاوش پر اللہ تبارک وتعالی کی حمد کرتا ہوں کہ یہ اسی کے احسان کا نتیجہ ہیں، اور لامتناہی درود ہوں حضور رحمت عالم، تاج دار کائنات، فخر موجودات منبع برکات و حسنات جناب احمد ہادی محمد عربی صلی اللہ تعالی علیہ و آلہ وبارک وسلم پر اور ان کی آل واصحاب پر جن کی نگاہ فیض شامل حال رہی اور یہ کاوش پایہ تکمیل کو پہونچی۔ میرے سلسلے کے تمام بزرگوں پر خالق کائنات کی بے شمار رحمتیں ہوں، بالخصوص میرے مرشد کریم حضور تاج الشریعہ علامہ اختر رضا خاں قادری ازہری رحمۃ اللہ علیہ پر جن کے فیوض عامہ و دعوات صالحہ کی مینہ کروڑوں تشنہ گان کو سیراب کر رہی ہے۔ میں شکر گزار ہوں اپنے والدین اور اخوات کا جن کی حوصلہ افزائی نے ہمیشہ مجھے ہمت دی، اپنے مخلص احباب، خیر خواہان و مہربانوں کا جن کی داد و تحسین اور مشورے میری کاوشوں کا پیش خیمہ بنے۔ میں سویداے قلب سے شکر گزار اور ممنون ہوں ان اکابرین اہل سنت کا جنھوں نے اپنی پذیرائی، ہمت افزائی اور دعاؤں سے مجھے نوازا بالخصوص وہ حضرات جنھوں نے اس ہیچ مداں کے مجموعے پر تقریظات و تقدیم تحریر فرمائی، حضرت علامہ مصطفٰی علوان فاضل الحسینی، حضرت علامہ قمر الزماں اعظمی، علامہ پروفیسر مجید اللہ قادری، علامہ ارشد مصباحی، میرے دوست ڈاکٹر شاہنواز احمد ملک صاحب اور علامہ سید صابر حسین شاہ بخاری صاحب قبلہ کا جنھوں نے ناچیز کا تعارف و تقدیم اس کتاب پر تحریر فرمائی۔ رب قدیر و مقتدر کی بارگاہ ناز میں دعا گو ہوں کہ وہ مالک الملک ذوالجلال والاکرام آپ سب کو شاد و آباد رکھے، ہم سب پر اپنا فضل و کرم یوں ہی برساتا رہے، ہمیں صراط مستقیم پر گامزن رکھے اور مزید خدمت دین کی توفیق رفیق عطا فرمائے، اپنے پیارے حبیب حضور رحمت عالم جناب محمد الرسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم کے صدقے،

آمین یارب العلمین ببرکۃ حبیبک محمد سید المرسلین علیہ و آلہ افضل الصلوۃ و اکمل التسلیم

المفتقر الی اللہ تعالی

فردین احمد خاں فرؔدین رضوی [پیلی بھیت شریف، یو-پی-الہند]

حرفِ چند

اللہ تبارک و تعالی کا بے حد احسان و کرم ہے کہ اس نے اس ہیچ مداں کو یہ توفیق عنایت فرمائی کہ دین قویم اسلام کے لیے کچھ لکھ سکا۔ یقیناً جو کچھ میرے قلم سے رقم ہوا ہے اس میں جتنے ادبی محاسن و پرواز تخیل و جاذبیت بیان ہے سب کچھ رب اکبر عز و جل کی بے پناہ کرم نوازی کا ثمرہ ہے اور جو بھی خامیاں، کوتاہیاں اور غلطیاں (اگر موجود) ہیں وہ سب اس فقیر بے بضاعت کی کم علمی کی پاداش ہیں۔

میں اس بات کا قطعاً مدعی نہیں کہ یہ سب لکھ کر بالذات مجھ میں کچھ بھی فضیلت آگئی یا میں کسی طرح مقدس ہو گیا، ہاں اللہ تبارک و تعالی جسے چاہے فضل و کمال انعام فرمائے، بلکہ جس کے پاس جو کچھ بھی فضل و کمال ہے سب اسی خالق بے مثال کی عطا ہے... اس کا شکر ہے کہ اس نے ہم سے کچھ کام اپنے دین کا لیا۔

اس فہرست میں آپ ملاحظہ کر سکیں گے، فقیر کے وہ کتب و رسائل و مضامین جو دسمبر ۲۰۱۸ء سے جون ۲۰۲۱ء تک سپرد قرطاس کیے گیے (بعض نئے مضامین جو جولائی میں لکھے گیے انہیں بھی شامل کر دیا گیا ہے)، جن کی تعداد تقریباً /۱۲۰/ ہے۔ یہ عربی، اردو، انگریزی اور ہندی زبان میں لکھے گیے ہیں اور ان میں سے بعض ملک و بیرون ملک کی میگزینوں میں چھپ چکے ہیں، بعض کسی تحقیقی جریدے کی زینت بنے اور بعض ناچیز نے از خود شائع کیے ہیں۔ علم دین کو عام کرنے کے نبوی مشن کو فروغ دینے کی خاطر فقیر نے اپنی تمام کاوشوں کو عوام و خواص کے لیے ہمیشہ مجاناً رکھا ہے، اور یہاں بھی تمام کتب و رسائل و مضامین بلا قیمت تحفۃً، آپ کی بارگاہوں میں پیش ہیں۔ ان سے خوب استفادہ حاصل کریں اور اپنے حلقہ میں خوب عام کریں۔ رب قدیر و مقتدر کی بارگاہ عالیہ میں دست سوال دراز ہے کہ حبیب مکرم مصطفی کریم صلی اللہ علیہ و آلہ وصحبہ و بارک وسلم کے صدقے ان کاوشوں کو شرف قبولیت عطا فرمائے، لوگوں کے لیے اسے نفع بخش بنائے اور ہمیں مزید خدمت دین کی توفیق عطا فرمائے۔

آمین یارب العلمین بجاہ النبی الامین علیہ و آلہ افضل الصلوۃ و اکمل التسلیم

المفتقر الی اللہ تعالی

فردین احمد خاں فرؔدین رضوی

[پیلی بھیت شریف، یو-پی-الہند]

اشاریہ کتب ورسائل

ذیل میں فقیر کی تصنیف، تالیف و ترتیب کردہ کتب ، رسائل، انشائیہ ، مضامین و مقالات درج ہیں۔ افادہ عام کے لیے ہر کاوش کے نیچے اسے حاصل کرنے کے رابطہ لنک بھی دیے گیے ہیں۔

العربية

مقالات:

(١)۔بشتون

https://archive.org/details/Pashtun

(٢)۔مقالة:فتاوى الرضوية للامام احمد رضا قدس سره [غير منشورة]

(٣)۔الاصلاحات

https://archive.org/details/Islahat

(٤)۔الرسائل الرائعة للنشر [غير منشورة]

(٥)۔الرسالة المهمة [غير منشورة]

كتب:

(١)۔المفيد الى طريق السديد

https://archive.org/details/al-mufeed

اردو مضامین:

۱)۔ندا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔پمفلٹ

https://archive.org/details/nidaurduresized

۲)۔زیارت قبور۔پمفلٹ

https://archive.org/details/folderrevised

۳)۔خواتین کی اصلاح۔پمفلٹ

https://archive.org/details/BackupOfKhawateen

۴)۔علم الغیب۔پمفلٹ(دستیاب نہیں)

۵)۔میلاد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم۔پمفلٹ(دستیاب نہیں)

۶)۔دل و نگاہ مسلماں نہیں تو کچھ بھی نہیں۔پمفلٹ
https://archive.org/details/DiloNigahMazmoon
۷)۔خواب پھر خواب ہیں خوابوں کو سجاتے کیوں ہو؟۔طاہر القادری کارد
https://archive.org/details/Khwab
۸)۔راہ فرار۔پمفلٹ
https://archive.org/details/rahefararlite
۹)۔ایک اہم پیغام۔طاہر القادری کارد
https://archive.org/details/Tahir_201901
۱۰)۔اللہ کی جماعت
https://archive.org/details/allahkijamaat
۱۱)۔چارہ سازی۔
https://archive.org/details/charasazi
۱۲)۔عصر حاضر اور قیام لائبریری کی ضرورت۔(غیر مطبوعہ)
۱۳)۔ایک مظلوم ماں کی آواز۔افسانہ۔
https://archive.org/details/ekmazloommaa
۱۴)۔مدینہ میں ایک نابالغ کا قتل۔
https://archive.org/details/zakariya_202106
۱۵)۔فلاح قوم کے ساماں۔
https://archive.org/details/mazmoonQom
۱۶)۔لاک-ڈاؤن اور ہماری ذمہ داریاں۔
https://archive.org/details/lockdown-me-zimmedariyan-old-mazmoon
۱۷)۔ مضمون آمد رمضان: کہیں یہ نعمت ہم ضائع نہ دیں
https://archive.org/details/ramadan-makroohat-h
۱۸)۔رمضان کو مکروہات سے بچائیے
https://archive.org/details/ramadan-makroohat
۱۹)۔اعلیٰ حضرت پر شبہات کا ازالہ
https://archive.org/details/imam-ahmad-raza-pr-shubhaat-ka-izaala

۲۰)۔اصلاحی مضمون:شاید کہ اتر جاے ترے دل میں مری بات
https://archive.org/details/islah-e-aam

۲۱)۔لادینیت سے ہوشیار!
https://archive.org/details/20210601_20210601_0428

۲۲)۔عشق:ایک تحقیقی مطالعہ
https://archive.org/details/ishq_20210601

۲۳)۔مضمون:عقل
https://archive.org/details/aql_20210601

۲۴)۔مسلم شہزادی اور کالج
https://archive.org/details/magazine_202106

۲۵)۔انٹرنیٹ کا غلط استعمال
https://archive.org/details/magazine_202106

۲۶)۔لادینیت ایک عظیم فتنہ۔
https://archive.org/details/afkar2F

۲۷)۔تعارف خدمات رضویات کانفرنس:خیالات وجذبات۔
https://archive.org/details/cmm_20210601

۲۸)۔تاج الشریعہ ایک فقیہ ایک قاضی۔
https://archive.org/details/tazkiratush-sheikh-tajush-shariya-10-13

۲۹)۔تحقیقی مضمون:تاج الشریعہ بحیثیت فقیہ؛حقائق کی روشنی میں۔
https://archive.org/details/huzur-mufti-e-azam-personality-and-services-4

۳۰)۔عورت کے لیے پردہ کیوں؟
https://archive.org/details/aurat-ke-liye-parda-kyu

۳۱)۔آزاد عورت:ایک تنقیدی جائزہ۔
https://archive.org/details/azad_20210601

۳۲)۔تعزیتی مضمون:یہ کیاسنا کہ حضرت خادم چلے گیے!
https://archive.org/details/1606893545936-khadim-husain

۳۳)۔نماز جنت کی کنجی۔پمفلٹ۔

https://archive.org/details/1606893596158-namaz

۳۴)۔ جوانی کی بربادی۔
https://archive.org/details/jawani-ki-barbadi_202106

۳۵)۔دورحاضر میں اہل سنت کودرپیش چیلنجز
https://archive.org/details/dhm-ahle-sunnat-challenges

۳۶)۔آہ فلسطین!
https://archive.org/details/palestine_202105

۳۷)۔ماضی وحال کے قائدین۔(۴صفحات)
https://archive.org/details/Qaideen

۳۸)۔اسلامی ثقافت کے خلاف عالمی محاذ۔(۸صفحات)
https://archive.org/details/islamophobia_202107

۳۹)۔ مسلکی تعصب کاایک بھیانک چہرہ۔(۱۲صفحات)
https://archive.org/details/maslaki-tassub

۴۰)۔اضواے علومِ محمدی ﷺ۔(۱۲صفحات)
https://archive.org/details/uloom-e-mustafa

۴۱)۔ نفرت کے پروردہ جرائم کی بڑھتی تعداد۔(۱۱صفحات)
https://archive.org/details/hate-crimes_202107

۴۲)۔دعوت: قرآن اور دور جدید کے تناظر میں۔(۱۲صفحات)
https://archive.org/details/dawat_202107

۴۳)۔ہمارے عہد کے عظیم محقق: خراج تحسین علامہ سید صابر حسین شاہ بخاری۔(۳صفحات)
https://archive.org/details/taqreez-shsb

۴۴)۔ نکات نویسی وتبصرہ: ۱۸۵۷ء کی کہانی مرزاغالب کی زبانی۔(۶صفحات)
https://archive.org/details/ghalib-1857

۴۵)۔برقی پیغامات: "اظہار خیال"

☆مفتی نظام الدین صاحب کی نئی کتاب۔
https://archive.org/details/reformism-1-2

☆ریفارمزم پرایک طائرانہ نظر۔
https://archive.org/details/reformism-3-4

☆سعی و کوشش۔
https://archive.org/details/tweet-template-3-4

☆مولانا رومی
https://archive.org/details/maulana-rumi

☆علامہ حشمت علی خاں قادری
https://archive.org/details/sher-e-sunnat

۴۶)۔افسانہ:بدکام بدانجام
۴۷)۔حضور محدث سورتی:کچھ یادیں کچھ باتیں
https://archive.org/details/muhaddis-e-soorati

۴۸)۔قضیہ حالیہ اختلاف کا
۴۹)۔ورلڈ اسلامک مشن کا خدماتی سفر
۵۰)۔مسکن اولیا پیلی بھیت شریف سے علمی کام کا آغاز
https://archive.org/details/pilibhit-shareef-se-ilmi-kaam-ka-aaghaz

۵۱)۔تعلیم:حالات، نظریات اور طریق کار
۵۲)۔مصلح قوم وملت:نباض وقت و دہر شناس شخصیت
۵۳)۔معاشرے کا اسلامی احیا:البانیا کے تجزیاتی تناظر میں

کتب و رسائل:

۱)۔سر سید احمد خاں بحیثیت مبلغ نیچریت
https://archive.org/details/muballigenechriyat

۲)۔کردار مبلغ، تنظیموں کے لیے۔
https://archive.org/details/kirdar-e-muballig

۳)۔مساجد اور ہم (غیر مطبوعہ)
۴)۔اقبال و رضا کا نظریہ معراج
https://archive.org/details/iqbal-o-raza

۵)۔القول البدیع:حدیث رسول کی اہمیت پر

https://archive.org/details/alqaululbadee

۶)۔ سبق آموز تاریخی نقوش
https://archive.org/details/sabaq-amoz-tareekhi-nuqush

۷)۔ عقل و عشق۔
https://archive.org/details/aql-o-ishq

۸)۔ ضمیر کی آواز: فرقہ واریت کے خلاف
https://archive.org/details/firqa-wariyat-2

۹)۔ اسلامی ثقافت کے خلاف عالمی محاذ (مطبوعہ سنی ریسرچ فیڈریشن)
https://archive.org/details/islami-saqafat-ke-khilaf-aalami-mahaaz_202108

شعر و سخن:

۱)۔ مجموعہ کلام اول (غیر مطبوعہ)

۲)۔ مجموعہ کلام دوم (زیر تصنیف)

۳)۔ مدحت نامہ - باغ ابتہال - (جلد منظر عام پر)

۴)۔ موضع: انقلابی اردو شاعری

https://www.instagram.com/subhekuhan/

English Articles:
1) An Introduction to Tafseer
https://archive.org/details/Tafseer_201904
2) Ancestral Faith
https://archive.org/details/parentsoftheprophet
3) Are Muslims Divided?
https://archive.org/details/divided_202106
4) Beard.
https://archive.org/details/beard_202106
5) Better than a thousand months
https://archive.org/details/better-than-a-thousand-months
6) Blasphemy and its Inimical Effects on Society
https://en.islamonweb.net/blasphemy-and-its-inimical-effects-on-society
7) Crisis

https://archive.org/details/crisis_202003
8) Destroying Chastity
https://archive.org/details/chastity_201907
9) Eid-ul-Fitr
https://archive.org/details/eid_20210601
10) Emotional Crisis in the West
https://archive.org/details/emotional-crisis
11) Empowering Women
https://archive.org/details/empoweringwomen
12)Esoteric Horizons of Dhul-Ḥijjah
https://en.islamonweb.net/esoteric-horizons-of-dhul-hijjah
13)How does Music affect us?
https://archive.org/details/music_202106
14) Hussam ul-Haramain: A concise investigative study
https://archive.org/details/hussamalharamain
15)Imam Ahmad Raza: A Nexus to Antiquity
https://archive.org/details/imamahmadraza_202001
16) Islam and ISIS: Two Opposite Poles
https://archive.org/details/refutationofisis
17) Justice
https://archive.org/details/justice_202106
18) Laws (Unpublished)
19) Lockdown (COVID-19): A Blessing in Disguise?
https://archive.org/details/lockdown_202106
20) Malala: The Controversy
https://archive.org/details/malala_202106
21)Oblivious: A short story
https://archive.org/details/oblivious_202005
22) Orientalists
https://archive.org/details/orientalists
23) Patience
https://archive.org/details/patience_201912
24) Purpose of Life
https://archive.org/details/purposeoflife_202003
25) Ramadan
https://archive.org/details/ramadan_202106
26) Raw Ruminations on Sufism. (unpublished)
27) Sermon: Felicitous words of Prudence
https://archive.org/details/sermon_201912
28) Sheikh Abdul Qadir Jeelani.

https://archive.org/details/sheikh-abdul-qadir-jeelani
29) The Essence of Ramadan
https://archive.org/details/the-essence-of-ramadan
30) The Holy Qur’an
31)The indispensability of Hussam al-Haramain
https://archive.org/details/Indispensibility
32) The Inheritor of Earth: Man and his Liability towards Nature
https://en.islamonweb.net/the-inheritor-of-earth-man-and-his-liability-towards-nature
33) The Lesser Evil: A short story
https://archive.org/details/lesserevil
34) The Message of Karbala
https://archive.org/details/themessageofkarbala
35) The Reality of Ex-Muslims
https://archive.org/details/exmuslimsdebunked
36) The RSS Ideology (not availalbe)
37) The Tafseer of Iyyak Nabudu
https://archive.org/details/tafseerofiyyaknabuduwaiyyakanastaeen
38) The Virtues of “Syria”
https://archive.org/details/syria_202002
39) Valentine
https://archive.org/details/valentine_202106
40) Veil, A Neglected Boon
https://archive.org/details/veil_20210601
41) What should Muslims do in these times?
https://archive.org/details/conditions_202106
42) Whom are you pleasing?
https://archive.org/details/Pleasing
43) Why is everyone abandoning Ibn Abdul Wahhab Najdi?
https://archive.org/details/theabandoningofibnabdulwahhabanajdi
44) Why to be still agnostic?
https://en.islamonweb.net/why-to-be-still-agnostic

Books:
1) Deeds for the Deceased
https://archive.org/details/deeds-for-the-deceased

2) Islam & Christianity: The concept of God (not available)
3) Maana Miyan: The Profound Ascetic
https://archive.org/details/maanamiyantheprofoundascetic
4) Refutation of Atheism
https://archive.org/details/refutationofatheism
5) Some Common Misconceptions
https://archive.org/details/some-common-misconceptions
6) The Corrupt beliefs
https://archive.org/details/thecorruptbeliefs
7) The Lanterns of Guidance
https://archive.org/details/the-lanterns-of-guidance
8) The Message of The Lion of Ahlus Sunnah for the Ummah.
https://archive.org/details/the-message-of-lion
9) The Real Face of scholars of Deoband.
https://archive.org/details/therealface
10) The Renaissance: Islamophobia, Causes & Measures of Eradication.
https://archive.org/details/therenaissance_201911
11) The Renaissance: Relations with a deviant
https://archive.org/details/therenaissance_201911
12) Translation of the Book “Islamic Knowledge”. (Unpublished)
13) Who is Allama Khadim Husain Rizvi? (Not Available)
14) Women Rights in Islam
https://archive.org/details/women-rights-in-islam

हिंदी लेख:

1) इसलाम में जातीवाद
https://archive.org/details/islam-me-jativad
2) मानवता के मार्गदर्शक
https://archive.org/details/manavta-k-margdarshak